پریس ریلیز

گوجرانوالہ 31 اکتوبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سے آئے مختلف محکموں کے 18 ویں گریڈ کے تربیتی افسران سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ ملک وقوم کو سنوارنے، اقتصادی اور معاشی بحرانوں سے نمٹنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اقتصادی ماہرین سے قریبی رابطے استوار کریں تاکہ ملک وقوم کو جلد از جلد ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کیا جا سکے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اپنی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری کے ساتھ پورا کرنا ہوگا۔سائل کا مسئلہ اگر آپ کی توجہ سے حل ہوا تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کسی کیلئے آسانیاں پیدا کریں گے آپ کی مشکلات کا ازالہ خود بخود ہو جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینئر مینجمنٹ ٹریننگ کورس کے افسران پر مشتمل 18 رکنی وفد سے خطاب کے دوران کیا۔ان افسران کی قیادت اعجاز احمد باجوہ انسٹریکٹر NIM نے کی۔اس موقع پر اراکین مجلس عاملہ، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، سابق صدور سعید احمد تاج، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل، سابق نائب صدر ملک امین ناز کے علاوہ ممتاز تاجروں وصنعتکاروں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ گوجرانوالہ کی صنعت میں اتنا پوٹینشل موجود ہے کہ اگر ہماری انڈسٹری کو حکومت کیطرف سے بزنس فرینڈلی اور لانگ ٹرم پالیسیاں مہیا کر دی جائیں تو ہم انڈیا، چائنہ تو کیا پوری دنیا سے مقابلہ کرنے کی قوت رکھتے ہیں۔انہوں نے تربیتی افسران کے وفد کو گوجرانوالہ چیمبر کی حسن کارکردگی سے نہ صرف آگاہ کیا بلکہ گوجرنوالہ کی صنعتی اہمیت پر تفصیلی ویڈیو بھی دکھائی۔دوران میٹنگ افسران نے انڈسٹری اور گوجرانوالہ چیمبر کے حوالے سے مختلف سوالات بھی کیئے جن کے بارے میں ان کو تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔بعدازاں تربیتی وفد نے مختلف صنعتیں جن میں اے کے سٹیل ری رولنگ ملز اور سونیکس انڈسٹری کا وزٹ کیا اور مصنوعات کی کوالٹی کو خوب سراہا۔